﴾خالی آسامیوں کے لئے درخواستیں مطلوب ہیں﴿

ضلعی عدلیہ سول کورٹ مانسہرہ میں درج ذیل عارضی آسامیوں پر تقرری کیلئے ضلع مانسہرہ سے تعلق رکھنے والے خواہشمند افراد سے مورخہ 15 دسمبر 2026 تک درخواستیں مطلوب ہیں جو دفتر زیر دستخطی میں دفتری اوقات کار میں جمع کی جاسکتی ہیں۔ تمام کلاس IV عارضی آسامیوں پر تقرری (Contingent Paid Basis) پر کی جائے گی۔ بشرطیکہ متعلقہ انتظامی محکمہ / دفتر / محکمہ خزانہ کی جانب سے تمام ضابطہ جاتی تقاضوں، جاری کردہ ہدایات اور مروجہ قواعد وضوابط کی مکمل پابندی کی جائے گی۔

نمبر شمار	نام آسامی	تفصیل کوٹہ	کم از کم تعلیمی قابلیت	منظور شدہ آسامیاں	عمر کی حد	کل خالی آسامیاں / کوٹہ
1	سویپر BPS-3	اوپن میرٹ 02 خواتین کوٹہ 01	ترجیحاً پڑھا لکھا	08	18 تا 40 سال درخواست جمع کرنے کی آخری تاریخ تک	اوپن میرٹ 02 خواتین کوٹہ 01 کل 03
2	چوکیدار BPS-3	اوپن میرٹ 01	ترجیحاً پڑھا لکھا	09	25 تا 40 سال درخواست جمع کرنے کی آخری تاریخ تک	اوپن میرٹ 01 کل 01
3	نائب قاصد BPS-3	اوپن میرٹ 01	ترجیحاً پڑھا لکھا	23	18 تا 40 سال درخواست جمع کرنے کی آخری تاریخ تک	اوپن میرٹ 01 کل 01

شرائط وضوابط:

1۔ درخواست فارم دفتر ہذا سے وصول کیا جاسکتا ہے یا ضلع عدلیہ مانسہرہ کی ویب سائیٹ www.dscmansehra.gov.pk سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے تاکہ ہر درخواست ایک ہی طرز پر لکھی اور دی جاسکے۔ تاہم امیدواران اپنے طور پر بھی مجوزہ فارم خود تیار کر کے درخواست جمع کروا سکتے ہیں۔ مجوزہ فارم کے علاوہ درخواست پر عمل نہیں ہوگا۔ ہر درخواست دہندہ اپنی درخواست پر اپنا رابطہ نمبر لازمی لکھے گا / گی۔ تنخواہ اور دیگر الاؤنس قانون کے مطابق ہوں گے۔

2۔ عمر کا تعین درخواست کی وصولی کی آخری تاریخ سے ہوگا۔

3۔ تمام آسامیوں کے لئے اپلائی کرنے والے امیدواران ضلع مانسہرہ کے ڈسٹرکٹ ایمپلائمنٹ ایکسچینج سے اپنی رجسٹریشن سرٹیفکیٹ حاصل کرے اور فوٹو کاپی درخواست کے ساتھ منسلک کریں نیز ڈسٹرکٹ ایمپلائمنٹ ایکسچینج سے اس بابت فریش لسٹ بھی منگوائی جائیں گی۔

4۔ درخواست کے ہمراہ 3 پاسپورٹ سائز تصاویر، قومی شناختی کارڈ، تعلیمی اسناد بمع کریکٹر سرٹیفکیٹس، ڈومیسائل کی تصدیق شدہ کاپیاں، نیز 2 معزز افراد کے حوالہ جات بابت چال چلن جو رشتہ دار نہ ہوں مگر ان کے اخلاق وکردار سے بخوبی واقف ہوں لازماً درخواست کے ساتھ منسلک کریں۔ جبکہ اصل سرٹیفکیٹ / تعلیمی اسناد وغیرہ بوقت ٹیسٹ / انٹرویو ساتھ لانا لازمی ہوں گے۔ بصورت دیگر ٹیسٹ / انٹرویو میں شامل ہونے کے اہل نہیں ہوں گے۔

5۔ خواہشمند امیدواران اپنی درخواستیں اس اشتہار کی اشاعت کے آخری دن تک ارسال کریں۔ بذریعہ ڈاک درخواستیں آخری تاریخ تک قابل قبول ہوں گی۔ آخری تاریخ کے بعد بذریعہ ڈاک درخواستیں قابل قبول نہیں ہوں گی۔

6۔ عمر کی بالائی حد میں رعایت صوبائی حکومت کی مروجہ قواعد 2008 کی روشنی میں دی جائے گی۔

7۔ نامکمل درخواستیں یا جعلی دستاویزات یا غلط معلومات کے ساتھ جمع کروائی گئی درخواستیں کسی بھی مرحلے پر مسترد کی جائیں گی۔ نیز مقررہ تاریخ کے بعد کوئی درخواست موصول / قبول نہیں کی جائے گی۔

8۔ اہل امیدواران ٹیسٹ / انٹرویو میں حصہ لے سکیں گے۔

9۔ پہلے سے سرکاری ملازمین محکمانہ طور پر اپنی درخواستیں ارسال کریں۔ تمام تقرریاں معزز عدالت عالیہ پشاور کی جانب سے جاری کردہ مروجہ قواعد وضوابط اور صوبائی حکومت کی پالیسی کے مطابق (Contigent Paid Basis) پر کی جائیں گی۔

10۔ امیدواروں کا ضلع مانسہرہ کا باشندہ ہونا ضروری ہے۔

11۔ مجاز اتھارٹی کو مذکورہ عارضی آسامیوں کی تعداد میں معقول وجہ کے ساتھ اضافہ یا کمی یا تصحیح کرنے کا حق حاصل ہوگا۔ قانونی طور پر مختص کوٹہ حسب ضابطہ نافذ کیا جائے گا۔

12۔ ٹیسٹ انٹرویو کیلئے آنے والوں کو کوئی TA/DA نہیں دیا جائے گا۔

13۔ امیدوار کو ان میں سے ایک مرحلے پر اپنی قابلیت ثابت کرنا ہوگی، کسی مرحلے پر ناکامی سلیکشن کے اس پورے عمل میں امیدوار کی ناکامی تصور ہوگی۔

سمیع اللہ خان
Senior Civil Judge
(Administration)
سینئر سول جج (ایڈمن)، مانسہرہ
Mansehra